## این وائی ایس چلڈرنز میڈی کیڈ
## (NYS CHILDREN'S MEDICAID)

# گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات (HCBS)

### بچوں/نوجوانوں اور خاندانوں کے لیے معلومات



آفس آف مینٹل ہیلتھ (Office of Mental Health)

محکمہ صحت (Department of Health)

آفس آف الکحلزم اینڈ سبسٹینس ابیوز سروسز (Office of Alcoholism and Substance Abuse Services)

آفس فار پیپل ود ڈیولپمنٹل ڈس ایبلیٹیز (Office for People With Developmental Disabilities)

آفس آف چلڈرن اینڈ فیملی سروسز

NEW YORK STATE

## گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات (HCBS) بچوں/نوجوانوں اور خاندانوں/کیئررز کی کیسے مدد کرتی ہیں؟

**بچوں کی HCBS:**

- وہاں فراہم کی جاتی ہیں جہاں بچے/نوجوان اور خاندان سب سے زیادہ آرام دہ محسوس کرتے ہیں — گھر پر یا کمیونٹی میں
- اہداف اور کامیابیوں کے حصول کی کوششوں میں بچوں اور نوجوانوں کو سپورٹ کرنا
- گھر، اسکول، اور دیگر ماحول میں کامیاب ہونے میں بچوں اور نوجوانوں کی مدد کرنا
- ہر بچے/نوجوان کی صحت، دماغی صحت، نشہ آور اشیاء کے استعمال کے علاج اور/یا نشوونما کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ذاتی اور لچکدار خدمات پیش کرنا



## بچوں کی HCBS کون حاصل کر سکتا ہے؟

بچوں کی HCBS ان بچوں اور نوجوانوں کے لیے ہیں جو:

کسی ادارے، ہسپتال، یا نرسنگ ہوم میں جانے کے خطرے سے دوچار ہوں یا ادارے، ہسپتال، یا نرسنگ ہوم سے گھر واپس آ رہے ہوں

گھر/کمیونٹی میں اضافی دیکھ بھال کی ضرورت ہو

3) HCBS* کے لیے اہل پائے جائیں

میڈی کیڈ (Medicaid) میں اندراج شدہ ہوں یا اندراج کے اہل ہوں۔ نوٹ: اگر کچھ بچے HCBS کے لیے اہل ہیں تو وہ میڈی کیڈ (Medicaid) کے لیے بھی اہل ہو سکتے ہیں۔

## کوئی شخص بچوں کی HCBS تک کیسے رسائی حاصل کر سکتا ہے؟

بچے/نوجوان اور ان کے خاندان/کیئررز ایک **ہیلتھ ہوم کیئر مینیجر** سے بات کر سکتے ہیں، یا یہ جاننے کے لیے کہ کوئی بچہ/نوجوان بچوں کی HCBS کیسے حاصل کر سکتا ہے چلڈرن اینڈ یوتھ ایویلیوایشن سروس سے 1-833-861-4467 پر یا CYESConnect@health.ny.gov پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

## ہیلتھ ہوم کیئر مینجمنٹ کیا ہے؟

ہیلتھ ہوم (Health Home) کوئی جگہ نہیں ہے، یہ ایک ایسا شخص ہوتا ہے جو آپ کو ایسی خدمات تلاش کرنے میں مدد کر سکتا ہے جو آپ اور آپ کے خاندان کے لیے موزوں ہوں۔ ہیلتھ ہوم کیئر مینیجرز بچوں/نوجوانوں اور ان کے خاندانوں اور خدمات فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر ایک ٹیم کے طور پر کام کرتے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ وہ صحت مند رہنے کے لیے درکار دیکھ بھال اور خدمات حاصل کر سکیں۔

HCBS کے لیے اہل تمام بچے ہیلتھ ہوم کیئر مینجمنٹ پروگرام کے ذریعے دیکھ بھال کے انتظام کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ ہیلتھ ہوم کیئر مینجمنٹ پروگرام میں غیر اندراج شدہ بچے/نوجوان مزید معلومات حاصل کرنے اور/یا اندراج کرنے کے لیے 518-473-5569 پر کال کر سکتے ہیں یا Healthhomes@health.ny.gov پر ای میل کر سکتے ہیں۔

*HCBS میں اندراج کے لیے چلڈرنز 1915c ویور (Children's 1915c waiver) میں شرکت کی ضرورت ہوتی ہے۔



**بچوں کی گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر، ہیلتھ ہوم کیئر مینیجر، میڈی کیڈ مینیجڈ کیئر پلان، کاؤنٹی SPOA، یا چلڈرن اینڈ یوتھ ایویلیوایشن سروس سے رابطہ کریں۔**

# بچوں کی گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات



## کمیونٹی ہیبیلیٹیشن

سماجی اور روزمرہ زندگی گزارنے کی مہارتیں اور صحت سے متعلق کام سیکھنے میں مدد حاصل کریں

- مثال کے طور پر: صحت بخش کھانا پکانا اور کھانا سیکھنا؛ کمیونٹی کی سرگرمیوں میں حصہ لینا؛ مؤثر طریقے سے بات چیت کرنا؛ خود مختار ہونا، اور باخبر انتخاب کرنا

## کیئرر/فیملی ایڈووکیسی اینڈ سپورٹ سروسز

- کیئررز اور خاندان، نشوونما، طبی، دماغی صحت، اور/یا نشہ آور اشیاء کے استعمال کی ضروریات والے بچوں کے لیے باخبر اور بااختیار انتخاب کرنے کے لیے ٹریننگ اور تعلیم حاصل کر سکتے ہیں
- کمیونٹی میں بچوں اور نوجوانوں کی خود مختاری کو برقرار رکھنا اور مضبوط بنانا

## پیشے سے قبل کی خدمات (پری ووکیشنل سروسز)

14 سال اور اس سے زیادہ عمر کے نوجوان ایسی مہارتیں سیکھ سکتے ہیں جو تنخواہ والے کام، یا ان کی دلچسپیوں سے مطابقت رکھنے والے رضاکارانہ کام کے لیے تیار ہونے میں مدد دیں

- مہارتوں میں درج ذیل شامل ہو سکتی ہیں: سپروائزرز، ساتھی کارکنوں، اور کسٹمرز کے ساتھ بات چیت کرنا؛ کام کی جگہ پر مسائل کا حل؛ کیریئر کی منصوبہ بندی؛ اور کام کی جگہ پر حفاظت

## سپورٹڈ ایمپلائمنٹ

- 14 سال اور اس سے زیادہ عمر کے نوجوان جو نوکری کے لیے تیار ہیں، تنخواہ دینے والی مستقل نوکری میں برقرار رہنے کے لیے مدد حاصل کر سکتے ہیں
- نوکری حاصل کرتے وقت اور کام کے دوران مسلسل سپورٹ حاصل کریں

خدمات میں درج ذیل شامل ہو سکتی ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں ہیں:

- اپنی مہارتوں اور دلچسپیوں سے مطابقت رکھنے والی نوکری تلاش کرنے میں مدد؛ جاب کوچنگ؛ فوائد کی سپورٹ؛ اپنے کیریئر کو آگے بڑھانے میں مدد؛ اور کام کی جگہ پر سپورٹ کی دیگر خدمات

## عارضی دیکھ بھال کی خدمات (رسپائٹ سروسز)

(منصوبہ بند عارضی دیکھ بھال اور بحرانی عارضی دیکھ بھال (پلانڈ رسپائٹ اور کرائسز رسپائٹ))

- گھر پر، کمیونٹی میں، یا کسی دوسری قابلِ اجازت جگہ پر فراہم کی جا سکتی ہیں
- منصوبہ بند عارضی دیکھ بھال کی خدمات (پلانڈ رسپائٹ سروسز) خاندانوں/کیئررز کو قلیل مدتی ریلیف فراہم کرتی ہیں اور بچے کی دماغی صحت، نشہ آور اشیاء کے استعمال اور/یا صحت کی دیکھ بھال کے اہداف کو سپورٹ کرتی ہیں
- بحرانی عارضی دیکھ بھال (کرائسز رسپائٹ) دماغی صحت، نشہ آور اشیاء کے استعمال اور/یا صحت کی دیکھ بھال کے کسی بحرانی واقعے سے قلیل مدتی ریلیف ہے جس میں اس سپورٹ کے بغیر بچے کو اعلیٰ سطح کی دیکھ بھال کی ضرورت ہوگی

## تکلیف کم کرنے والی دیکھ بھال (پیلی ایٹو کیئر)

دائمی حالتوں یا بیماریوں میں مبتلا بچے اور نوجوان یہ خدمات حاصل کر سکتے ہیں:

- جسمانی علامات کو بہتر بنانے اور ان سے نجات دلانے کے لیے مساج کی تھراپی
- جذبات کو بہتر طور پر سمجھنے اور ان کے اظہار میں مدد کرنے کے لیے آرٹ، موسیقی، اور کھیل کی تھراپی (پلے تھیراپی)
- تکلیف سے نجات دلانے اور/یا اسے کنٹرول کرنے کے لیے درد اور علامات کا انتظام (پین اینڈ سمپٹم مینجمنٹ)
- دائمی حالتوں یا بیماریوں سے متعلق دکھ سے نمٹنے میں بچوں/نوجوانوں اور خاندانوں کی مدد کرنے کے لیے مشاورت اور سپورٹ کی خدمات (کاؤنسلنگ اینڈ سپورٹ سروسز)



## ٹرانزیشنل سروسز

ٹرانزیشنل سروسز ایسی اشیاء یا خدمات ہیں جو طویل مدتی ہسپتال/ادارے میں قیام کے بعد بچے/نوجوان کی گھر واپسی میں مدد کے لیے خریدی جا سکتی ہیں۔

## ٹرانزیشنل کیئر کوآرڈینیشن

ہسپتال/ادارے میں طویل مدتی قیام کے بعد درکار ٹرانزیشنل خدمات اور سپورٹس کو مربوط کرکے بچوں/نوجوانوں کو گھر واپس آنے میں مدد کرتی ہے۔

## ماحولیاتی تبدیلیاں (انوارنمنٹل موڈیفیکیشنز)

بچے یا نوجوان کے گھر میں تبدیلیاں تاکہ ان کی صحت کی ضروریات میں مدد مل سکے



## گاڑی کی تبدیلیاں (وہیکل موڈیفیکیشنز)

بچے یا نوجوان کی گاڑی میں تبدیلیاں تاکہ ان کی صحت کی ضروریات میں مدد مل سکے

## موافق اور اعانتی ٹیکنالوجی (اڈاپٹو اینڈ اسسٹیو ٹیکنالوجی)

بچوں/نوجوانوں کی صحت، فلاح و بہبود اور حفاظت کو سپورٹ کرنے کے لیے درکار تکنیکی امدادی اشیاء یا دیگر آلات

## غیر طبی نقل و حمل (نان میڈیکل ٹرانسپورٹیشن)

اہداف کو سپورٹ کرنے والی خدمات یا سرگرمیوں تک نقل و حمل